اتر پردیش میں کورونا کے 18 نئے معاملے

لکھنؤ(ایس این بی) ایڈیشنل چیف سکریٹری طب وصحت امت موہن پرساد نے بتایا کہ ریاست میں ایک روز میں کل ایک لاکھ 74 ہزار 734 سیمپل کی جانچ کی گئی، جس میں کورونا وبا کے 18 نئے معاملے سامنے آئے ہیں۔ ریاست میں اب تک 8 کروڑ 3 لاکھ 11 ہزار 528 سیمپل کی جانچ کی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ریاست میں کورونا کے کل 141 ایکٹیو معاملے ہیں۔ جانکاری کے مطابق سب سے زیادہ کورونا کے 5 مریض گوتم بدھ نگر، چار مریض لکھنؤ، تھنر اؤ گرھ میں، دو دو مریض پریاگ راج، اور یا، فیروز آباد، مرادآباد، اعظم گڑھ میں جبکہ ایک ایک پائے گئے ہیں۔ گزشتہ 24 گھنٹے میں کسی بھی مریض کی موت نہیں ہوئی ہے۔ ویسے اب تک ریاست میں کورونا سے کل 22 ہزار 896 مریضوں کی موت ہوچکی ہے۔

مسٹر پرساد نے بتایا کہ ویکسی نیشن کا کام مسلسل جاری ہے۔ کل ہفتہ کو ایک روز میں چار لاکھ 29 ہزار 299 کووڈ ویکسین کی ڈوز دی گئی ہے۔ ریاست میں اب تک پہلی ڈوز 9 کروڑ 7 لاکھ 77 ہزار 695 اور دوسری ڈوز 2 کروڑ 42 لاکھ 44 ہزار 637 لگائی گئی ہے۔ اب تک 11 کروڑ 50 لاکھ 22 ہزار 332 ویکسین لگائی جاچکی ہے۔

بنکروں کی جوبات کرے گا مومن انصار سبھا اس کی حمایت کرے گی

مومن انصار سبھا کا گیارہواں قومی اجلاس نومبر میں ہوگا: اکرم انصاری

لکھنؤ(پریس ریلیز) اسمبلی الیکشن 2022 جیسے جیسے قریب آرہا ہے جیں، ویسے ویسے بھی سیاسی پارٹیوں نے کام کرنا شروع کردیا ہے۔ ذات پاتی کی باتیں اٹھنے لگی ہیں۔ کوئی ذات مرد شماری کی بات کررہا ہے، کوئی دلت کی، کوئی پچھڑوں بنکروں کی، کوئی دست کاروں و پسماندہ کی۔ لیکن یہ بھی پارٹیاں پچھڑوں کو آبادی کے تناسب میں اپنی پارٹی سے اسمبلی الیکشن میں ٹکٹ دے کر اسمبلی بھیج کر ان بھی کی اقتصادی، سماجی، سیاسی حالت کو سدھارنے کی بات نہیں کررہ ہیں۔ یہ پارٹیاں ان کو صرف ووٹ بینک بنا کر رکھنا چاہتی ہیں۔ ایسے میں دلت، پچھڑے، سماج کو صحیح سمت میں چل کر کام کرنا ہوگا۔ اس لیے اسمبلی الیکشن 2022 میں جو بھی پارٹی بنکروں، پچھڑوں کی بات کرے گا مومن انصار سبھا اسی کی حمایت کرے گی۔ یہ باتیں مومن انصار سبھا کے قومی صدر محمد اکرم انصاری نے آج اتوار کو پریس کلب میں منعقد صوبائی جلس عاملہ کی نشست میں کہیں۔ نشست میں ریاست کے ہر ضلع کے عہدیداران نے حصہ لیا۔ اس موقع پر لکھیم پور کھیری میں ہوئے کسانوں کے ساتھ اعظم و بربریت کی سخت الفاظ میں مذمت کی گئی۔ سبھی عہدیداروں نے کہا کہ کسان، بنکر، متوسط طبقہ اور چھوٹے چھوٹے کاروباریوں کے بنیادی حقوق کو بچانے جارہا ہے۔ مہنگائی کی زبردست مار غریب عوام پر پڑ رہا ہے۔ مسٹر انصاری نے بتایا کہ مومن انصار سبھا کا گیارہواں قومی اجلاس نومبر کے آخری ہفتہ میں راجدھانی میں ہوگا، جہاں ہر ضلعے سے کارکنان اور عہدیداران شامل ہوں گے۔ پروگرام میں خاص طور سے کاز گزار صدر محمد تمیم انصاری، اکرام انصاری، معین الدین انصاری، فرزد عالم تریٹی، ایوب انصاری، رشید کلیم، حافظ شاہد عالم، شبیر انصاری، عاجی خلیل انصاری، شمیم الدین، پرویز انصاری، کلیم انصاری، شفیق انصاری، معراج الدین انصاری، شمش القمر، نواب انصاری، شاداب انصاری، محبوب عالم، غلام مصطفیٰ، احمد سعید، محمد الانصاری، عبدالقادر، رحمت لکھنوی، قومی خاں، اعجاز الحسن، ڈاکٹر آصف کلام، امراز احمد ایڈوکیٹ، بدر عالم، رضوان احمد، عمران راہ، رئیس انصاری، منصور جمال وغیرہ موجود تھے۔

مشن شکتی کے تحت چار مجرموں کو دلائی گئی پھانسی کی سزا

محکمہ استغاثہ کی کوشش سے 74 مقدموں میں 134 مجرموں کو عمر قید کی سزا: اونیش کمار اوستھی

لکھنؤ(ایس این بی) وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کی ہدایت پر امسال 21 راکست سے ریاستی سطح پر مشن شکتی تیسرے مرحلہ کی مہم کے تحت مجرموں کو سزا دلانے کے مثبت نتائج سامنے آئے ہیں۔ ایڈیشنل چیف سکریٹری داخلہ اونیش کمار اوستھی نے بتایا کہ اس مدت میں محکمہ استغاثہ نے مؤثر پیروی کے ذریعہ کل 4 ملزمان کو پھانسی کی سزا دلائی ہے۔ مسٹر اوستھی نے بتایا کہ مومن انصار سبھا کا گیارہواں قومی اجلاس نومبر کے آخری ہفتہ میں راجدھانی میں ہوگا، جہاں ہر ضلعے سے کارکنان اور عہدیداران شامل ہوں گے۔ پروگرام میں خاص طور سے کاز گزار صدر محمد تمیم انصاری، اکرام انصاری، معین الدین انصاری، فرزد عالم تریٹی، ایوب انصاری، رشید کلیم، حافظ شاہد عالم، شبیر انصاری، عاجی خلیل انصاری، شمیم الدین، پرویز انصاری، کلیم انصاری، شفیق انصاری، معراج الدین انصاری، شمش القمر، نواب انصاری، شاداب انصاری، محبوب عالم، غلام مصطفیٰ، احمد سعید، محمد الانصاری، عبدالقادر، رحمت لکھنوی، قومی خاں، اعجاز الحسن، ڈاکٹر آصف کلام، امراز احمد ایڈوکیٹ، بدر عالم، رضوان احمد، عمران راہ، رئیس انصاری، منصور جمال وغیرہ موجود تھے۔

خاص طور سے کانپور نگر، علی گڑھ اور کاس گنج میں۔ اس کے علاوہ 977 مقدموں میں 1027 مجرموں کو ضمانت خارج کرائی گئی ہے۔

دوسری جانب اونیش کمار اوستھی نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کی ہدایت پر محکمہ داخلہ کے ذریعہ امسال ریاست میں گینگسٹر ایکٹ، اسلحہ لائسنس اور دفعہ 107/116 کے تحت کارروائی کا باریکی سے جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ اتر پردیش گروہ بند وماج مخالف تصفیہ ایکٹ 1986 کے تحت ریاست میں امسال اب تک 2470 گینگ چارٹ منظوری کے لیے بھیجے گئے، جن میں سے ضلع مجسٹریٹوں کے ذریعہ 2429 میں منظوری دی گئی ہے اور عدالت میں 1567 ملزمان کے خلاف چارج شیٹ داخل کیے گئے۔ انہوں نے بتایا کہ ریاست میں نسق ونظم بنائے رکھنے کے لیے دفعہ 107/116 کے تحت امسال ہونے والی کارروائی کا باریکی سے جائزہ لیا گیا۔ اس دفعہ کے تحت 19 لاکھ 7 ہزار 833 افراد کو پابند کیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی 850 افراد کے ذریعہ پابند کیے جانے کے باوجود بھی نقض امن کرنے پر کارروائی کی گئی ہے، جبکہ 133 افراد کے مچلکے وضمانت بانڈ ضبط کرکے وصولی سرٹیفکیٹ جاری کیے گئے ہیں۔

راجدھانی والوں نے خرید لیں 85 لاکھ کی کتابیں

موتی محل لان میں 18 ویں کتاب میلے کا اختتام

لکھنؤ(ایس این بی) موتی محل واقع لان میں یکم تاریخ سے چل رہے 18 ویں ریاستی کتاب میلہ یا نگار مضمون کے ساتھ ختم ہوگیا۔ آخری دن آج خوب بھیڑ رہی۔ میلے کی تقریباً 25 فیصد خریدی آج ایک ایک دن میں ہوئی۔ میلہ کنوینر منوج چندیل و اسسٹنٹ کنوینر آستا ڈھل نے بتایا کہ میلے میں تقریباً 85 لاکھ روپے کے کاروبار کا اندازہ ہے۔ میلے میں 90 فیصد خریدار خاص کتابوں کے لیے ہی آئے۔ میلے کے آج کے پروگرام میں ساہتیہ آدھ ساتھ سنسکھان کی جانب سے ڈاکٹر اجیا دوبے کے کھا کے جگنو کا اجراء کرتے ہوئے رائٹر کے ساتھ ہی منیش شکلا، مہیندر بھشم، ڈاکٹر ڈی ایس شکلا، سشما گپتا، اکلا پرسود نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ ماہرین نے یہاں کتابوں پر بحث کی۔ ساتھ ہی دشمین کی کتاب ڈاوری کے اجزاء ہوا۔ اس سے پہلے کلش کی جانب سے شعری نشست کا انعقاد کیا گیا۔ ثقافتی پروگرام میں ڈاکٹر اے کے سنگھ، رتن منی لال، کے پی سنگھ، منوج سنگھ چندیل و مرلی دھر آہوجا نے شہر کی مشہور شخصیات کو اعزاز سے نوازا۔ ان اعزاز پانے والوں میں اے سی پی ڈاکٹر اجیتا سنگھ، ویٹک، سدھانشو رستوگی، ڈاکٹر ہانسٹ کرشنا، انکش اروڑا، ڈاکٹر آر کے ٹھکرال، ڈاکٹر مکدنی چوہان، اگراج اگروال، کے وی شرما ستو، ڈاکٹر نوتیت تریاٹھی، چرنجیو ناتھ سنہا، ڈاکٹر سندیپ کمار، ڈاکٹر آشیش کمار کھرے، امت شرما، ڈاکٹر سنجیو شریواستو، روچی شرما، ڈاکٹر موہن وٹرا، ڈاکٹر ویشالی جین، ڈاکٹر پریتی شریواستو، ڈاکٹر وکاس کمار، ڈاکٹر منوج سنگھ، ڈاکٹر پریکا سنگھ، ویک اتاپیکا پاٹھے، ڈاکٹر ونے راج و اکبر چترویدی وغیرہ کو یادگاری نشان، سرٹیفکیٹ وغیرہ دے کر اعزاز سے نوازا گیا۔ انعقاد کنوینر ڈین کی جانب سے تھا۔ کتاب میلہ کمیٹی کی جانب سے بھی حصہ لینے والوں اور میلہ انعقاد کرانے والوں کو یادگاری نشان دیے گئے۔

لکھنؤ: سنی انٹرکالج کے سیدنا صدیق آکبر ہال میں خلیل الرحمٰن حسنی کی یاد میں منعقد فروغ اردو کانفرنس کے دوران اردو تعلیم حاصل کرنے والے ذہین بچوں کی حوصلہ افزائی کے لیے اسناد سے نوازا گیا۔ اس موقع پر حاجی ایم تبین، جسیم علوی، بھجا بدالسلام، نیفرد خاں ندوی وغیرہ موجود ہے۔

یوپی میں بھی ہوگا سمندری طوفان کا اثر: جے پی گپتا

ماہرین موسمیات 20 / اکتوبر کے بعد ظاہر کریں گے اپنی رائے

لکھنؤ(ایس این بی) اتر پردیش سمیت ملک کی متعدد ریاستوں میں سمندری طوفان جلد دکھائی دے گا۔ یہ طوفان 15 / اکتوبر کے بعد موثر ہوگا، لیکن یوپی میں اس کا اثر 20 / اکتوبر کے بعد نظر آنے لگا۔ ریجنل موسمیات مرکز لکھنؤ کے ڈائرکٹر جے پی گپتا نے بتایا کہ اس طرح کا طوفان بنگال میں شدید سمندری طوفان بن رہا ہے۔ اس سے ملک میں سخت طوفان آسکتا ہے لیکن یہاں اتر پردیش میں طوفان کا اثر کب ہوگا، اس بابت 20 / اکتوبر سے پہلے کچھ کہنا جلد بازی ہوگی۔ ماہر موسمیات اس سمندری طوفان پر نگاہ لگائے ہوئے ہیں۔ 2021 میں کچھ کچھ وقفہ پر چار بڑے سمندری طوفان، تاؤ تے، یاس، گلاب اور شاہین کے بعد اب بار پھر ایک نے سمندری طوفان کا خطرہ ہندوستان پر منڈرانے لگا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ خلیج بنگال میں 11 / اکتوبر کے بعد لو پریشر ایریا سرگرم ہونے کا امکان ہے۔ اس کے بعد آئندہ چار پانچ دن میں یہ لو پریشر ڈپریشن میں تبدیل ہوجائے گا اور ایک طاقتور سمندری طوفان میں تبدیل ہوسکتا ہے۔ ماہرین موسمیات نے بتایا کہ اس طوفان کا نام جواد رکھا گیا ہے، جس کا نام سعودی عرب نے رکھا ہے۔ ماہرین کے مطابق طوفان کے 15 / اکتوبر کو جنوبی اڈیسہ کے ساحلی علاقوں میں لینڈ فال کرنے کا امکان ہے۔ پھر یہ شمال مغرب کی طرف بڑھے گا۔ جس کی وجہ سے شدید بارش کا بھی امکان ہے۔ یہ سمندری طوفان اتر پردیش کے علاوہ اڈیسہ، آندھرا پردیش، چھتیس گڑھ، مدھیہ پردیش، مہاراشٹر کے ساتھ این کے آر، دہلی، ہریانہ اور مشرقی راجستھان پر اثر انداز ہونے کی قوی امکان ہے۔ جو اس کی طاقت کا ثبوت دکھائیں گے۔ ماہرین موسمیات کے مطابق جواد طوفان کا ٹریک اڈیسہ، چھتیس گڑھ، اندھرا پردیش، تلنگانہ، مہاراشٹر سے ہوکر گزرے گا، جس کی وجہ سے پورے علاقہ میں بادل چھا جائیں گے اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔

مرکزی میلاد کمیٹی کے تحت مشاعرہ حسنِ خیر البشرؐ 18 کو

لکھنؤ(پریس ریلیز) معروف تنظیم حسن خیر البشر ﷺ مرکزی میلاد کمیٹی بتا جی سہائی چندر بوس کا پلیکس منڈی، چوک کے تحت امسال بھی 11 و 12 ربیع الاوّل (18 / اکتوبر) کی درمیانی شب میں کووڈ-19 کے پروٹوکول کی پابندی کرتے ہوئے محدود پیمانے پر سمپورنا رابطی اور کپا ڈاکٹ میں عید میلاد النبیؐ کی محفل میں علما کی اقتدا ہوں گی۔ بعدہ مشاعرۂ نعت و مدح صحابہ کا انعقاد ہوگا جس میں معروف شعراء گلہائے عقیدت پیش کریں گے۔ یہ باتیں کمیٹی کے سرپرست اعلیٰ مولانا خالد رشید نظام الدین فرنگی محلی نے آج محمد شجیب کی قیام گاہ خاص میں ہونے والی سالانہ میٹنگ میں بتائیں۔ میٹنگ کی صدارت تنظیم کے صدر محمد عثمان سینئر کانگریسی رہنما، ٹریڈ یونین لیڈر نے کی۔ نظامت کنوینر نعت شہید صدیقی نے کی۔ تنظیم کے جنرل سکریٹری رئیس احمد نے کہا کہ ہماری حتی الامکان کوشش ہوگی کہ امسال عید میلاد النبیؐ میں جلسہ سیرت النبی ﷺ و سیرت صحابہؓ کے پروگرام کو گزشتہ سال سے بہتر کیا جائے۔

میٹنگ میں صوفی سید اظہار علی، الحاج محمد مہراب، مولانا محمد مشتاق ندوی، مولانا محمد سفیان نظامی، محمد کلیم، پپو بھائی، حمد رگروپ، سابق کارپوریٹر رئیس بھائی، تحنیٰ عظمیٰ اور سابق کارپوریٹر امتیاز علی وغیرہ نے شرکت کی۔ سکریٹری محمد مہراب نے بھی اپنے تعاون کا یقین دلایا۔ اخیر میں مولانا خالد رشید فرنگی محلی کی دعا پر میٹنگ ختم ہوئی۔

لکھنؤ: گورنر ہاؤس میں در گاپوجا اور گربا، کے دوران گورنر آنندی بین پٹیل گربا سے لطف اندوز ہوتی ہوئیں، جس میں افسران وملازمین کے کنبوں نے شرکت کی۔

ڈپٹی وزیر اعلیٰ نے کیا طبی جانچ کیمپ کا معائنہ

لکھنؤ(ایس این بی) مہاجگر گول مارکیٹ واقع وزیر اعظم جن اوشدھی مرکز پر سینئر سٹیزن کیلئے منعقد طبی جانچ کیمپ کا افتتاح ڈپٹی وزیر اعلیٰ ڈاکٹر دنیش شرما نے کیا۔ اس موقع پر مہاجگر صدر رکیش شرما اور میئر سنگیتا بھاٹیہ نے سینئر سٹیزن کو مفت دوائیں بھی تقسیم کیا۔ پروگرام میں ڈپٹی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ وزیر اعظم مودی نے تعلیم، طب، زراعت وتحفظ کے حلقوں میں خصوصی توجہ دیتے ہوئے دیگر عوامی فلاحی اسکیمیں نافذ کی ہے جس میں وزیر اعظم جن اوشدھی مرکز طب کے حلقہ میں غریبوں کیلئے دوران ثابت ہورہی ہے۔ جن اوشدھی مرکز وآیوشمان کارڈ یوجنا کے تحت عام آدمی وغریب کو یقین کے ساتھ طبی سہولت مہیا کرانے کی کوشش کامیاب ہوئی ہے۔ کووڈ وبا کے باعث طب کے حلقہ میں لمبی لڑائی لڑی گئی ہے جس کے تحت دیگر نئے ایمس واسپتالوں کی تعمیر ریاست میں یوگی حکومت کے ذریعہ بھی کی گئی ہے۔ ریاست میں 33 میڈیکل کالج کے ذریعہ عوام کو طبی خدمات مہیا کرائی جارہی ہے اور ہر ضلع میں ایک میڈیکل کالج کھولے جانے کی سمت میں کام چل رہا ہے۔ کووڈ وبا کے وقت بھی کووڈ وبا متاثرہ مریضوں کو مفت ٹیسٹنگ وعلاج مہیا کرایا گیا اور عالمی سطح پر مفت ٹیکہ کاری مہم چلائی جارہی ہے۔ میڈیا انچارج پردین گرگ نے بتایا کہ پروگرام میں مہاجگر جنرل سکریٹری ترلوک سنگھ ادھیکاری، مہاجگر خزانچی ہیمنت دیال، پروگرام ومحصت کیمپ کے کنوینر نے شکلا کے ساتھ سینئر سٹیزن وغیرہ موجود رہے۔

ٹرانسفارمر میں لگی آگ، گھنٹوں لال باغ کی بجلی غائب

لکھنؤ(ایس این بی) قیصر باغ واقع اوڈین سینما کے پاس ہوٹل لیلا کے اسمارٹ ہائٹ کے پاس لگے ٹرانسفارمر میں اچانک آگ لگ گئی۔ ٹرانسفارمر میں آگ لگنے سے جہاں علاقہ میں افراتفری مچ گئی وہیں لال باغ وقیصر باغ کے آس پاس کے علاقوں میں بجلی سپلائی ضب ہوگئی۔ اطلاع ملنے پر فائر بریگیڈ کی گاڑیوں نے پہنچ کر سخت مشقت کے بعد آگ پر قابو پایا۔ علاقہ کی بجلی دیرات تک بحال نہیں ہوسکی تھی۔ قیصر باغ علاقہ کے اوڈین سینما کے پاس واقع ٹرانسفارمر میں اچانک چنگاری نکلنے سے ساتھ آگ لگ گئی۔ ٹرانسفارمر جلنے سے علاقہ میں افراتفری کا ماحول ہوگیا اور آس پاس کے دکانداروں میں بھگدڑ مچ گئی۔ اطلاع کر کر موقع پر پہنچی فائر بریگیڈ کی گاڑیوں نے سخت مشقت کے بعد آگ پر قابو پایا۔ ٹرانسفارمر جل جانے سے قیصر باغ، اوڈین سینما والا باغ کے آس پاس کے علاقوں کی بجلی دیرات تک متاثر رہے جس سے ہزاروں کی آبادی اندھیرے میں ڈوبی رہی۔ بجلی انجینئروں کا کہنا تھا کہ اطلاع ملنے ہی سب اسٹیشن سے بجلی سپلائی بند کرادی گئی جس سے آگ بجھانے میں کافی مدد مل سکی۔ انھوں نے کہا کہ جلے ٹرانسفارمر کو بدلنے کا کام کرایا جارہا ہے۔ دیرات تک علاقہ کی بجلی بحال کرالی جائے گی۔

جونیئر انجینئروں کی بھوک ہڑتال 10 ویں دن بھی جاری

جونیئر انجینئروں نے دوسرے دن بھی بندر کھے سی یو جی نمبر

لکھنؤ(ایس این بی) ریاستی بجلی بورڈ جونیئر انجینئر تنظیم کی اپیل پر پشچمی بھون پر گزشتہ دنوں سے چل رہی بھوک ہڑتال کے 10 ویں دن اتوار کو بھی جاری رہی۔ جونیئر وترقی یافتہ انجینئروں نے دوسرے دن بھی محکمہ جاتی سی یو جی نمبر بند رکھے۔ انجینئروں کا کہنا تھا کہ آلات نہیں تو کام نہیں کے سمت میں محکمہ جاتی موبائل فون، لیپ ٹاپ نہ ہونے کی وجہ سے ان لوگوں کو ٹے سی یو جی نمبروں کو بند کرتے ہوئے بھی طرح کے آن لائن کاموں سے محروم رہیں گے۔ بھوک ہڑتال جلسہ کو خطاب کرتے ہوئے مرکزی صدر جی وی نبیل نے کہا کہ آج تحریک کے جائزہ کیلئے مرکزی ورکنگ کمیٹی کی میٹنگ میں منظیم کے مرکزی قیادت کو تحریک کے سلسلہ میں تمام فیصلہ لینے کے مجاز کیا گیا ہے۔ مرکزی جنرل سکریٹری جے پرکاش نے کہا کہ ریاست کے بھی جونیئر وترقی یافتہ انجینئر محکمہ جاتی موبائل فون، لیپ ٹاپ نہ ہونے کی وجہ سے ہفتہ سے پرائیویٹ موبائل فون، لیپ ٹاپ سے کام نہیں کریں گے اور نہ ہی کسی آن لائن کام کریں گے۔ انھوں نے کہا کہ مسائل کا تصفیہ جلد نہیں ہوا تو کام کا بائیکاٹ وجیل بھر وتحریک شروع کی جائے گی۔ اس موقع پر جی وی نبیل، جے این ورما، جے پرکاش، ستنام سنگھ، جگدیش بھارتی، کیدار ناتھ شکلا، انل ورما، اروند بند سوریہ پرکاش ورما، سندیپ موریہ، وویک تیواری، اجے یادو، این ایس نبیل، منوج کمار، آشیش سنگھ، پریمیر رکمار پانڈے، رامیش شریواس، محمد صدیق، ہیمنت رائے سمیت فرانس وسس گومتی کے انجینئر موجود تھے۔

وہ عبرتناک منزل ایک دن آئے گی اے اعظم☆اندھیری قبر میں محروم ہوجاؤ گے بستر سے

فیض نبی ہال دوبگا میں جلسہ سیرت النبی ونعتیہ مشاعرہ



لکھنؤ(پریس ریلیز) فیض نبی ہال وقف نور جہاں بیگم ہردوئی روڈ دوبگا میں حسین الدین خاں بلون کی سرپرستی میں جلسہ سیرت النبیؐ وجلسہ سیرت صحابہ ونعتیہ مشاعرہ منعقد ہوا۔ اس موقع پر سیرت رسول اکرمؐ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالتے ہوئے مفتی امتیاز الحق نے مسلمانوں سے سیرت سرکار دوعالمؐ کی پیروی کرنے کی تلقین کی۔ پروگرام کی صدارت ساحل عارفی نے کی، مہمان خصوصی کے طور پر ڈاکٹر مختور کاکوروی ڈاکٹر ہارون رشید اور معید رہبر نے شرکت کی۔ نظامت طفیل اختر نے کی۔ منتخب اشعار نذر قارئین ہیں۔

آمد سرکار سے ہر شے پہ نور آنے لگا
رفتہ رفتہ چاند نکلا ماہ کامل ہو گیا
ساحل عارفی

بچا حمزہ کا بندہ نے کلیجہ جب چبا ڈالا
تڑپ کر رو اٹھیں بے ساختہ سرکار کی آنکھیں
ڈاکٹر مختور کاکوروی

ارض و سما کے رستے سب جگمگا رہے ہیں
خیر البشرؐ جہاں میں تشریف لا رہے ہیں
رفعت شہید صدیقی

منزل نہ پا سکیں گے وہ فکر و شعور کی
جن کی نظر میں ان کے نقوش قدم نہیں
ڈاکٹر ہارون رشید

وہ دو جہاں کی کمائی مرے حضور کی ہے
سجھوں کی جو چٹائی مرے حضور کی ہے
نصیر احمد نصیر

وہ عبرتناک منزل ایک دن آئے گی اے اعظم
اندھیری قبر میں محروم ہو جاؤ گے بستر سے
اعظم صدیقی

مدت ہوئی مجھ کو در سرکار سے لوٹے
آنکھوں مگر آج بھی منظر وہ بسا ہے
خلیل اختر

ان کے علاوہ معید رہبر، طارق سلام جلال لکھنوی، مسعود احمد جمنی نے بھی اپنا کلام پیش کیا۔ اس کے علاوہ صاحبان ریاض غلام ربانی، محمد اسامہ، ڈاکٹر تاج اور محمد شفیق حقیقہ شباب الدین، غالب ظہیر حسن، فیروز، عبدالباری، عبدالکبیر اور ذوکار وغیرہ نے شرکت کی۔ آخر میں حسین الدین خاں بلون نے تبرک تقسیم کیا اور شعرو سامعین کا شکریہ ادا کیا۔

سرودے کرانتی پارٹی ریاست کے سبھی اسمبلی حلقہ میں اتارے گی امیدوار

لکھنؤ(ایس این بی) بھارتیہ سرودے کرانتی پارٹی کے کارکنان کی ایک میٹنگ قومی صدر گنیش پال کی صدارت میں جے بی گارڈن پردا ین کھیڑا میں ہوئی۔ میٹنگ میں قومی صدر نے سبھی کارکنان کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ کبھی 2022 کے اسمبلی حلقہ کے انتخاب میں پارٹی انتخاب لڑے گی۔ انھوں نے کہا کہ جلد ہی لکھنؤ میں ایک بڑی ریلی کا انعقاد کیا جائے گا۔ میٹنگ میں قومی نوجوان صدر رنجیش راٹھور نے کہا کہ پارٹی کی پالیسیوں کو عوام تک پہنچانے کا کام کارکنان شروع کردیں۔ اس موقع پر انھوں نے گرو پرساد پال کو قومی نائب صدر اور ضلع صدر امر پال کو بنایا گیا۔ اس کے ساتھ ہی ضلع جنرل سکریٹری کے عہدہ پر رام موہنی پال و ڈویژن صدر رام سا کر پال، ضلع نائب صدر رام لکھن پال اور اون کارو تاج کو ضلع صدر بیتاپور منتخب کیا گیا۔ اس کے علاوہ رام اوتار پال کو ضلع آباد اسمبلی حلقہ صدر، کلدیپ پادو کو ڈویژن خزانچی، ستھوری پال کو ریاستی خزانچی، ومل کمار راوت کو ریاستی تنظیم وزیر منتخب کیا گیا۔

انجینئروں کی تحریک سے صارفین کے کام ٹھپ، عوام پریشان

لکھنؤ(ایس این بی) بجلی انجینئروں کے ذریعہ چلائے جارہے انجینئروں وٹھیکہ ملازمین کی تحریک کا بھلے ہی قوانینی انتظامیہ بجلے میں لے رہا ہے لیکن اس تحریک کا اثر راجدھانی میں کھلے عام نظر آنے لگا ہے۔ عالم یہ ہے کہ آپہچا ہے کہ ایسا میں بھی بجلی صارفین کی شکایتیں سمیت، بجلی بل میں تصحیح، نئے کنکشن اور مرتھی کام پوری طرح ٹھپ ہوگئے اور ڈویژن دفاتر میں صارفین چکر کاٹنے کو مجبور ہیں۔ جانکاروں کا کہنا ہے کہ اگر اسی طرح بجلی انجینئروں وایگزیکلیو انجینئروں وٹھیکہ ملازمین کی تحریک چلتی رہی تو دیوالی پر راجدھانی والوں کو بھرپور بجلی مہیا ہونا مشکل ہوجائے گا۔ راجدھانی میں گزشتہ ایک ہفتہ سے مسلسل جونیئر انجینئر راجیہ سبھا سنگھ اور ٹھیکہ ملازم تحریک کررہے ہیں۔ جونیئر انجینئروں کے ذریعہ بجلی یو جی نمبر بند کردینے سے جہاں لیسا کے ڈویژن دفاتر میں آن لائن کام ٹھپ، آر پی، نئے کنکشن، صارفین کی آن لائن شکایتوں کا تصفیہ کا کام پوری طرح ٹھپ ہوگیا ہے۔ جانکاروں کا کہنا ہے کہ اگر انجینئروں کی تحریک اسی طرح جاری رہی تو دیوالی پر راجدھانی والوں کو بجلی ہونا مشکل نظر آرہا ہے۔ محکمہ کے جانکاروں کے مطابق حسین گنج، امین آباد، عشق باغ، راجاجی پورم، اپٹرن، عالم باغ، آشیانہ، کانپور روڈ، رندان، موتن لال نہرو نگر، سیس فرسٹ، سیس سکنڈ، بلیج آباد، گومتی نگر، اندرا نگر، شی پلیا، جنتپ، مہانگر، بیتاپور روڈ وڈویژن دفاتر میں صارفین کی شکایتوں کا تصفیہ نہیں ہو پارہا ہے اور پریشان صارفین، انجینئر، انجینئروں سے لے کر مستقل افسر وجونیئر انجینئر دفاتر کے چکر کاٹ کر تھک رہے ہیں۔ راجاجی پورم بلاک مرکز پر ٹھپ مل گوکھ کرانے کے لیے دھرا دھر بھٹک رہے اے پی شریواستو، پی کے شرما وامر کھن نے بتایا کہ بل ٹھیک نہ ہونے کی وجہ سے ان کا بل نہیں جمع ہو پارہا ہے۔ اسی طرح سیس فرسٹ وسکنڈ ڈویژن دفاتر میں بھی صارفین شکایتوں کا تصفیہ نہ ہونے وڈیلی مرکز پر جونیئر انجینئروں کے سی یو جی نمبر بند پانے کی وجہ سے کافی دقتوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ زیادہ تر صارفین کا کہنا ہے کہ ڈیلی مرکز کے نمبر تو بجلی جانے سے پہلے ہی بند ہوجاتے ہیں یا پھر انھیں ہی نہیں۔ اس بابت لیسا کے چیف انجینئروں سے جب بات کی گئی تو انھوں نے یہ بات قبول کی کہ سی یو جی نمبر بند ہونے سے صارفین کو دقت ہورہی ہے لیکن زیادہ تر شکایتوں کا تصفیہ کرانے کی ہرممکن کوشش کی جارہی ہے۔



لکھنؤ: بڈی انٹرمیڈیٹ اسکول مہانگر کیمپس کے 28 طلبا کو اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لیے وزارت سائنس وٹکنالوجی حکومت ہند کی جانب سے اسکالرشپ سے نوازا گیا۔ سی ایم ایس کے چیف رابطہ افسر ہری اوم شرما کے مطابق ہر طالب علم کو 80 ہزار روپے دیے جائیں گے۔

میوات میں ڈینگی، ملیریہ اور وائرل بخار کا قہر

حالات پر قابو پانے کیلئے اسپتال میں 6 نئے ڈاکٹروں کی تقرری

نوح۔میوات(پریس این بی) ضلع نوح ضلع کے سب سے بڑے سرکاری اسپتال شہید حسن خان میواتی میڈیکل کالج میں عملے و بستروں کی کمی کی وجہ سے وبائی بخار کے مریضوں کے علاج میں ہورہی پریشانیوں و دقتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ریاستی حکومت نے 6 نئے ماہرین اطفال کی تقرری کردی ہے۔ غورطلب ہے کہ ان دنوں علاقہ میوات میں ڈینگی، ملیریہ و وائرل بخار کا زبردست قہر ہے خاص طور سے معصوم بچے اس بخاری چپیٹ میں آرہے ہیں گزشتہ ایک ہفتہ کے اندر علاقہ میں کئی درجن بچوں کی موت ہوگئی ہے صرف شہید میڈیکل کالج میں ہی گزشتہ 3 روز میں تقریباً 15 بچوں کی اموات کی خبر ہے۔ بچوں کی اموات کی سب سے بڑی وجہ اسپتال میں عملے کی کوتاہی کا بتایا گیا جس کی وجہ سے بچوں کا ٹھیک ڈھنگ سے علاج نہیں ہوپارہا تھا۔ اس لئے حکومت نے یہاں پر چھ ڈاکٹروں کو تعینات کردیا ہے۔ چیف میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر مہاسنگھ نے بتایا کہ کالج میں بچوں کی مریضوں کے بڑھنے سے ڈاکٹروں کا کافی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا، کیونکہ کالج انتظامیہ کے پاس اسٹاف کی کمی تھی۔ ایک بیڈ پر مجبوراً 3 سے 4 مریضوں کا علاج کیا جارہا تھا جس سے انفیکشن اور دیگر خطرات کا خدشہ بڑھنے لگا رہا تھا، لیکن اب ریاستی حکومت نے 6 ماہرین اطفال کو کالج میں متعین کردیا ہے۔ میڈیکل کالج میں ان ڈاکٹروں کی تعیناتی سے اب بچوں کا علاج اور بہتر ہوسکے گا۔

اپوزیشن ملک توڑنے کی سیاست کررہی ہے: نڈا

امپھال (یو این ٹی) بی جے پی کے صدر جگت پرکاش نڈا نے اپوزیشن جماعتوں کو ہدف تنقید بناتے ہوئے کہا ہے کہ اپوزیشن سماج کو تقسیم کرکے ملک کو تقسیم کرنے کی سیاست کررہی ہے، لیکن بی جے پی سماج کو جوڑتے ہوئے ملک کو خالی طاقت کے طور پر بحال کرنے کیلئے کام کررہی ہے۔ مسٹر نڈا نے اتوار کو یہاں بی جے پی کے زیر ریاستی دفتر کے افتتاح کے موقع پر پارٹی کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تین پور میں گزشتہ 25 سالوں میں بی جے پی نے صفر سے چوٹی تک سفر طے کیا ہے۔

میوات میں ڈینگی، ملیریہ اور وائرل بخار کا قہر

وزیر اعلیٰ یوگی انتودے مستفیدین کو آج سونپیں گے آیوشمان کارڈ

لکھنؤ(ایس این بی) ریاست کے 40 لاکھ انتودے کارڈ ہولڈر کنبوں میں سے جن کو آیوشمان بھارت پردھان منتری جن آروگیہ یوجنا یا مکھیہ منتری جن آروگیہ ابھیان کا فائدہ نہیں مل پایا ہے، انہیں جلد ہی آیوشمان کارڈ حاصل کرنے کی حکومت کی پوری تیاری ہے۔